## سوال

(651) تیل اور سرمہ لگانے کا حکم

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سر کے بالوں کو تیل لگانا اور رات کو آنکھوں میں سرمہ لگانا کیا حکم رکھتا ہے؟ (سائل) (۱۰ مئی ۲۰۰۲ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

حدیث میں ہے کہ نبی اکرم ﷺ کثرت سے اپنے سر مبارک پر تیل لگایا کرتے تھے۔ (مختصر الشمائل المحمدیة، بَابُ مَا جَاءَ فِی تَرَجُّلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ، رقم:۲۶) رات کو آنکھوں میں طاق عدد کی صورت میں سرمہ لگانے کا بھی احادیث میں ذکر ہے۔ (مختصر الشمائل المحمدیة، بَابُ مَا جَاءَ فِی کُحْلِ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ۔، رقم:۴۲، منتقی الاخبار، بَابُ الْاِکْتِحَالُ وَالْاِدْہَان وَالتطیب)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

## فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

**جلد:3، کتاب اللباس: صفحہ:478**

محدث فتویٰ